72224-کیا جانوروں کو گندم کھلانی جائز ہے ؟

سوال

ایک شخص چوپائے رکھنا چاہتا ہے، اور جانوروں کو کھلانے کے لیے اسے گندم کی ضرورت ہوگی تا کہ دودھ اور بعض دوسری اشیاء حاصل کر سکے، تو کیا ایسا کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

چوپایوں کو گندم کھلانے میں کوئی شرعی مانع نہیں کھانے والی اشیاء میں اصل اباحت ہی ہے جب تک کہ اس کی ممانعت میں کوئی دلیل نہ مل جائے، جیسا کہ اہل علم کے ہاں مقرر کردہ فقہی قواعد میں معروف ہے.

یہ تو من حیث الاصل ہے، لیکن اگر مواشی اور چوپایوں کو گندم کھلانے میں کوئی ضرر اور نقصان ہوتا ہو، مثلا یہ کہ لوگوں کو گندم کی ضرورت ہو کیونکہ لوگوں کی اساسی حاجت اور ضرورت گندم ہے، اور مواشی کو کھلانے کے لیے زائد گندم نہ ہو تو اس وقت ضرورت کی بنا پر مواشی کو گندم کھلانی حرام ہوگی، کیونکہ لوگ اس کے زیادہ محتاج ہیں، لہذا مواشی کو کوئی اور چارہ ڈال دیا جائے.

واللہ اعلم.